© rasailojaraid.com

تقویۃ الایمان (عربی) از: مولانا عبدالوحید الرحمانی ۔ تقطیع خورد۔ صفحات ۷۰ ٹائپ جلی اور روشن ۔ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ سلفیہ پوسٹ بکس ۱۹ بنارس (یو۔پی)

مولانا محمد اسماعیل شہیدؒ کا رسالہ تقویۃ الایمان ایک نہایت اہم اور بہت مشہور رسالہ ہے۔ حضرت شہیدؒ نے یہ رسالہ ان بدعات اور مشرکانہ رسوم وطرق کے رد میں لکھا تھا۔ جن میں اس زمانہ کے مسلمان بری طرح مبتلا تھے۔ چنانچہ صرف قرآن و حدیث کی روشنی میں کلام کرکے یہ واضح کیا گیا ہے کہ اسلام میں عقیدۂ توحید کے کیا معنی ہیں، اور مسلمان بدقسمتی سے اپنی جہالت و نادانی کے باعث اصل توحید سے کس قدر دور جا پڑے ہیں۔ اصل رسالہ اردو میں تھا۔ یہ اس کا عربی ترجمہ ہے جو سہل اور سلیس، اور رواں دواں ہے۔ شروع میں مولانا مقتدیٰ حسن الاعظمی کے قلم سے ایک مقدمہ ہے جس میں حضرت شہیدؒ کے سوانح حیات اور اس زمانہ کے مسلمانوں کے معاشرتی حالات کا تذکرہ ہے۔ عربی ترجمہ سے یہ فائدہ ہوگا کہ عرب بھی اس متاعِ ہند نژاد سے مستفید ہو سکیں گے۔

دُنیا:۔ اسلام سے پہلے / اسلام کے بعد از مولانا عبدالسلام قدوائی

تقطیع خورد۔ ضخامت ۱۲۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت: ۲/۷۵۔ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ لیمیٹڈ۔ جامعہ نگر۔ نئی دِلّی ۲۵

یہ کتاب اگرچہ بقامت بہتر ہے۔ لیکن بقیمت بہتر ہونے میں شبہ نہیں۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ کتاب کے پہلے حصّہ میں مستند حوالوں کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ اسلام سے قبل دنیا کے سماجی، اخلاقی، معاشی اور مذہبی حالات کیا تھے۔ اور اسلام کے بعد ان میں اچانک کیا تبدیلی پیدا ہوئی۔ اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دُنیا کہاں سے کہاں ہوگئی ۔ ظاہر ہے یہ ایک پیش پا افتادہ اور فرسودہ مضمون ہے ۔ جس پر سیکڑوں ہزاروں کتابوں میں گفتگو کی گئی ہے ۔ لیکن اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ زبان بہت شگفتہ ، عبارت قلّ ودلّ ۔ حشو وزوائد سے پاک ۔ اور حوالے مستند ! اس اعتبار سے یہ کتاب اس لائق ہے کہ عوام بھی اسے دلچسپی سے پڑھ سکتے ہیں اور اسے اسکولوں اور کالجوں کے نصابِ دینیات و اسلامیات میں بھی شامل کرسکتے ہیں ۔

اہلِ علم کے لیے چار نادر تحفے

۱۔ تفسیر رُوح المعانی :۔ جو ہندوستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ قسط وار شائع ہورہی ہے قیمت مصر وغیرہ کے مقابلہ میں بہت کم یعنی صرف تین سو روپے ۔ آج ہی مبلغ دس روپے پیشگی روانہ فرماکر خریدار بن جائیے ۔ اب تک ۱۶ جلدیں طبع ہوچکی ہیں باقی ۱۶ جلدیں جلد طبع ہوجائیں گی ۔

۲۔ جلالین شریف : مکمل مصری طرز پر طبع شدہ حاشیہ پر دو مستقل کتابیں ۔

(۱) لباب النقول فی اسباب النزول "للسیوطیؒ" (۲) معرفت "الناسخ والمنسوخ لابن الحزمؒ" قیمت مجلد ۲۰ روپے

(۳) شرح ابن عقیل :۔ الفیہ ابن مالک کی مشہور شرح جو درسِ نظامی میں داخل ہے قیمت : مجلد ۲۰ روپے

(۴) شیخ زادہ حاشیہ بیضاوی سورۂ بقرہ :۔ تین جلدوں میں شائع ہورہا ہے ۔ پہلی جلد آچکی ہے ۔ نمونہ طلب فرمائیے ۔

پتہ :۔ ادارہ مصطفائیہ دیوبند ضلع سہارنپور

© rasailojaraid.com